SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

PRESS RELEASE

For immediate release
March 10, 2021

خواتین کو معاشی مواقع کی دستیابی کے عالمی انڈکس میں پاکستان کی درجہ بندی میں 25 پوائنٹ اضافہ

ملک میں خواتین انٹرپنیور کی حوصلہ افزائی کے لئے ایس ای سی پی کے اقدامات

اسلام آباد (مارچ 10) کاروبار میں خواتین کی نمائندگی کی صورت حال کو ظاہر کرنے والے بین الاقوامی انڈکس 'خواتین، کاروبار اور قانون' کی 2021 بین الاقوامی رپورٹ میں پاکستان کی درجہ بندی 25 پوائنٹ اضافے کے بعد 75 پوائنٹ ہو گئی ہے۔ پاکستان کی خواتین انٹرپنیور کے حوالے سے درجہ بندی میں اضافے میں ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنیوں کی رجسٹریشن کو آسان و سہل بنانے کی اصلاحات کا نمایاں کردار ہے۔

'خواتین، کاروبار اور قانون کی رپورٹ، عالمی بنک (ورلڈ بینک) کی رپورٹ ہے جس میں خواتین کو معاشی مواقع کی دستیابی اور سازگار کاروباری ماحول کے حوالے سے 190 ممالک کے قوانین اور ریگولیشنز کی جانچ کی جاتی ہے۔ اس رپورٹ میں خواتین کو نقل و حرکت کے مواقع، کام کی جگہ، تنخواہ، شادی، کاروبار، اثاثے، اور پنشن کے دستیاب مواقعوں کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ سال 2021 کی رپورٹ میں پاکستان نے دو اعشاریوں، کاروبار اور کام کی جگہ پر کارگردگی کے اعشاریوں میں مجموعی اسکور 49.9 سے بہتر ہو کر 55.6 تک ہو گیا ہے۔ پاکستان کو خواتین کے لئے کاروبار کے مواقع بہتر بنانے کے لئے اصلاحات متعارف کروانے والی دنیا کی پانچ معیشتوں میں شامل کیا گیا ہے .

حوصلہ افزاء امر یہ ہے کہ گزشتہ سال مارچ سے مارچ 2021 تک کے عرصہ میں ایس ای سی پی نے کل 21,168 کمپنیاں رجسٹر کیں، جن میں سے 5,145 کمپنیوں میں کم از کم ایک خواتین ڈائریکٹر شامل ہیں۔ کمپنیوں میں خواتین کی نمائندگی کی شرح 24.3 فیصد ہے جو کہ کافی حوصلہ افزاء ہے۔

ایس ای سی پی ملک کی معاشی ترقی میں خواتین کے کردار کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے، ادارے میں صنفی مساوات قائم کرنے اور خواتین کو سازگار ماحول فراہم کرنے کے لئے کئی اقدامات کئے ہیں۔ ادارے کی خواتین ملازمین کے لئے بچے کی پیدائش کے وقت چھٹیوں کو 90 دن سے بڑھا کر 180 دن کر دیا گیا ہے۔ ادارے میں ہونے والی نئی بھرتیوں میں خواتین کی 48 فیصد نمائندگی کو یقینی بنایا گیا ہے جبکہ ادارے میں ترقی پانے والے ملازمین میں خواتین کی نمائندگی 23 فیصد ہے۔ اس وقت ایس ایس ی پی کی مینجمنٹ کیڈر میں خواتین کی نمائندگی 18 فیصد سے بڑھ کر 23 فیصد ہو گئی ہے جبکہ سینئر مینجمنٹ میں خراتین کی نمائندگی 29 فیصد ہے۔ ہے۔

ایس ای سی پی میں وومن ڈے کی تقریبات کے موقع پر ایس ای سی پی کمشنر سعدیہ خان نے تمام ساتھی خواتین کی خدمات کو سراہا اور پیشہ ورانہ مہارت حاصل کرنے میں کمیشن کے پر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005